سوال

(596) سجدہ میں ایڑھیوں کو ملانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سجدہ میں ایڑھیوں کو ملانا، حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں اس کا ذکر ہے۔ 3 مگر محقق سندھو صاحب نے حدیث کی سند کے بارے میں نہیںبتایا کہ کیسی ہے؟ محدثین نے تو ضرور حالت اسناد بتائی ہوگی... خصوصاً البانی صاحب نے حاشیہ ابن خزیمہ میں... یہاں بعض لوگوں نے اس عمل کو نیا دین کہہ ڈالا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنداً روایت ہذا صحیح ہے۔ ثابت شدہ شئی پر عمل کرنے سے نیا دین نہیں بنتا۔ میرے پاس ایک کتاب ہے، اس کا عنوان یہی ہے: 'لَا جَدِیدَ فِی الصَّلٰوۃ' لیکن اس کے اکثر وبیشتر دلائل قابل اطمینان نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 525

محدث فتویٰ